جو اپنے غلط اور باطل اغراض و مقاصد کے لئے استعمال کر رہے ہیں اس کا سد باب ہو سکیگا۔

رہنمائے قرآن تقطیع متوسط ضخامت ۹۶ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت عہ پتہ ادارہ اشاعتِ اسلامیات حیدرآباد دکن۔

اصل کتاب نواب سر نظامت جنگ نے غیر مسلموں اور خصوصاً انگریزوں کو اسلام کے حقائق سمجھانے کے لئے انگریزی زبان میں لکھی تھی۔ ڈاکٹر میر ولی الدین صاحب نے اس کو اردو کا جامہ پہنایا ہے۔ اس کتاب میں فاضل مصنف نے بہت سے مباحث پر گفتگو کی ہے جو اسلام کے نظام اخلاق و تمدن اور اس کے عقائد و اعمال سے تعلق رکھتے ہیں۔ درمیان میں کہیں کہیں انھوں نے اسلامی احکام کا موازنہ دوسرے مذاہب اور فلسفہ کے افکار سے بھی کیا ہے اور ان کے مقابلہ میں اسلام کی برتری ثابت کی ہے۔ کتاب اگرچہ مختصر ہے مگر مفید ہے اور اسلامیات کے طالب علم کے لئے ایک نوٹ بک کا کام دے سکتی ہے۔

تبلیغِ حق از مولانا محمد علی صاحب مظفری تقطیع متوسط ضخامت ۲۰۰ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت مجلد عہ/ ۱۲ پتہ:- ادارہ اشاعتِ اسلامیات حیدرآباد دکن

حضرت شاہ ولی اللہ الدہلوی ؒ نے فارسی میں ایک کتاب لکھی تھی جس کا نام ہے۔ "البلاغ المبین فی احکام رب العالمین واتباع خاتم النبیین"۔ اس کتاب کا موضوع اگرچہ مسئلہ زیارتِ قبور ہے لیکن حضرت شاہ صاحب کے اندازِ تحریر کے مطابق اس میں توحید اور شرک و بدعات سے متعلق متعدد نہایت اہم اور بصیرت افروز مباحث آگئے ہیں جن کی طرف ضمناً اشارے آپ کی دوسری تصنیفات میں بھی ملتے ہیں۔ لیکن اس میں آپ نے ان پر سیر حاصل بحث کی ہے۔ حضرت شاہ صاحبؒ کی عادت ہے کہ وہ تحقیقی چیزوں کے ساتھ ساتھ لطائف اور مزایا کا بھی ذکر کرتے چلے جاتے ہیں۔ چنانچہ یہ خصوصیت آپ کی اس کتاب میں بھی موجود ہے۔ مولانا محمد علی صاحب نے اس کا سلیس اور عام فہم اردو میں ترجمہ کیا ہے اور محترمہ بیگم صاحبہ محمود یار جنگ قریشی نے اس کا مقدمہ لکھا ہے جو ایک فاضلہ خاتون کے قلم سے ہونے کے باعث خود ایک مستقل چیز ہے۔